| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | اسے لے کرژ دہرائی | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حروف 'اسے لے کر' ژ' تک کا اعادہ کرسکیں اور انھیں درست طریقے سے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو مختلف حروف کے فلیش کارڈ دکھا کران کے نام اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا'اسے لے کرژ' تک حروف کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ بچوں کو بتائے گی کہ آج ہم 'اسے لے کرژ' تک کے حروف کی دہرائی کریں گے جو کہ وہ نرسری میں پڑھ چکے ہیں۔ معلّمہ بچوں کو باری باری 'اسے لے کرژ' تک حروف کے فلیش کارڈ دکھائے گی۔ بچوں سے حرف کا نام، اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے گی۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ پوچھا گیا حرف ہوا میں لکھ کر دکھائیں یا تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچے اور بچے کو کہیے کہ پوچھا گیا حرف لکھے تمام بچوں سے باری باری 'اسے لے کرژ' تک کے حروف پوچھیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلبہ کو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا اور تختہ سفید/سیاہ پر ایک جدول بنایا جائے گا طلبہ سے کہیں کہ ہم ایک کھیل کھیلیں گے۔ جس میں ہر گروپ کو ایک حرف دیا جائے گا۔ گروہ کے ہر ممبر کو دیئے گئے حرف سے شروع ہونے والا ایک لفظ بتانا ہے۔ اگر بچے صحیح جواب دیں تو معلّمہ خانوں میں صحیح کا نشان لگائے بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنی کاپیاں کھولیں اور 'اسے لے کرژ' تک حروف تہجی لکھیں۔ انھیں کام مکمل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو'اسے لے کرژ' تک کے فلیش کارڈ دکھا کر اُن کی صوتی آوازیں پوچھیں۔<br>گھر کا کام: 'اسے لے کرژ' تک حروف تہجی کاپی میں لکھیں۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | ’س سے لے کر ے‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حروف ’س سے لے کر ے‘ تک کا اعادہ کرسکیں اور انھیں درست طریقے سے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حروف تہجی اردو کے‘نظم سنائی جائے گی بچوں کو’ا سے لے کر ژ‘ تک حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر اِن کے نام اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ ’س سے لے کر ے‘ تک حروف کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ تختہ سفید سیاہ پر’س سے لے کر ے‘ تک حروف لکھے گی۔اور ان حروف کے نام،صوتی آواز اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے گی۔معلّمہ ہر بچے کو باری باری حروف کا فلیش کارڈ دکھائے گی اُس حرف کا نام،صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے گی۔بچوں کو کہا جائے گا کہ پوچھا گیا حرف ہوا میں لکھ کر دکھائیں یا تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچے اور بچوں کو کہیے کہ اس پر حرف لکھیں۔<br>تمام بچوں سے باری باری’س سے لے کر ے‘ تک کے حروف پوچھیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔طلبہ سے کہیں کہ ہم ایک کھیلیں گے جس میں ہر گروہ کو باری دی جائے گی۔معلّمہ ایک لفظ بتائے گی اور طلبہ ایسے الفاظ سوچیں گے جن کے شروع کی آواز ایک جیسی ہو مثلاً سیب،سالن،سانپ،سیڑھی ہر گروہ کو باری کا موقع دیں اور گروہ کے بتائے گئے الفاظ کو اُن کے مطلوبہ خانوں میں لکھیں۔درست جواب دینے پر ہر گروپ کی حوصلہ افزائی کریں۔بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنی کاپیاں کھولیں اور’س سے لے کر ے‘ تک حروف تہجی کاپی میں لکھیں۔انھیں کام مکمل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے’ا سے لے کر ے‘ تک حروف تہجی سنیں جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | ’حروف کی آدھی اشکال‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ حروف کی آدھی اشکال کا اعادہ کرسکیں۔ اور اُنھیں درست طریقے سے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’ا‘ سے لے کر ’ے‘ تک حروف دکھائے جائیں گے اُن کی صوتی آواز اور اُن سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ بچوں کو بتائیں گی کہ آج حروف کی آدھی اشکال کی دہرائی کریں گے۔ جو کہ وہ نرسری جماعت میں کر چکے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ تمام حروف کی آدھی اشکال نہیں ہوتی جیسے کہ (ا، آ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، ط، ظ، و، ء) اور باقی حروف کی آدھی اشکال ہوتی ہیں۔ اُن کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ الفاظ بنانے کے لیے آدھی اشکال کو دوسرے حروف سے ملایا جاتا ہے۔ جیسے کہ ’ب‘ کی آدھی شکل کو ’ا‘ سے ملائیں تو ’با‘ بنتا ہے۔ بچوں کو تمام حروف کی آدھی اشکال کے Puppet Stick دیئے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حروف کی آدھی اشکال کی سرگرمی کے لیے مختلف گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ جن میں سے ایک گروہ Sand Tray کے ذریعے حروف کی آدھی اشکال لکھے گا۔ ایک گروہ White Board پر آدھی اشکال لکھے گا۔ اور ایک گروہ کو Spin Wheel دیا جائے گا جس میں حروف کی آدھی اور پوری اشکال لکھی ہوں گی اور بچے wheel کو گھما کر آدھی اشکال کو پوری اشکال سے ملائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنی کاپیاں کھولیں اور اُس میں حروف کی آدھی اشکال لکھیں۔ اُنھیں کام مکمل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں اور جہاں ضرورت ہو مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حروف کی آدھی اشکال لکھوائیں۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 3 کیجیے۔ | 20 منٹ<br>5 منٹ | Sand tray<br>white board<br>spin wheel<br>کاپی ورک<br>کتاب صفحہ 3 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف کی آدھی اشکال کا اعادہ اور لکھائی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | ’ا سے لے کر ے‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف ’ا سے لے کر ے‘ تک کا اعادہ کرسکیں اور اُنھیں درست ترتیب سے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’ا سے لے کر ے‘ تک حروف کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔اُن کی آدھی اشکال کو تختہ سفید/سیاہ پر لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف ’ا سے لے کر ے‘ تک کی پہچان اور درست ترتیب سے لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ چارٹ پیپر پر لکھے حروف ’ا سے لے کر ے‘ تک کی پڑھائی کروائیں گی۔ پھر تختہ سفید/سیاہ پر’ا سے لے کر ے‘ تک بے ترتیب حروف لکھے جائیں گے۔طلبا کو بے ترتیب حروف کی پڑھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ پڑھائی کروانے کے بعد معلّمہ کوایک حرف پکارے گی اور بچے اُس حرف کی طرف اشارہ کریں گے۔بچوں کو چارٹ پیپر سے ایک بار پھر حروف تہجی’ا سے لے کر ے‘ تک پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | چارٹ پیپر’ا سے لے کر ے‘ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چارٹ پیپر کی Strips اور ایک حروف فلیش کارڈ کی ٹوکری دی جائے گی جن میں حروف لکھیں ہوں گے۔اور اُس Strip میں کچھ حروف نہیں لکھیں ہوں گے جیسے کہ ب، پ، ت بچے ٹوکری میں فلیش کارڈ ڈھونڈیں گے اور فلیش کارڈ کو متعلقہ جگہ پر لگائیں گے۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 2 اور 5 کرنے کو کہا جائے بچوں کو کام مکمل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیا جائے گا اور جہاں مدد کی ضرورت ہو وہاں معلّمہ اپنی نگرانی میں کام کروائیں گی۔ | 20 منٹ | چارٹ پیپر<br>Strip حروف<br>فلیش کارڈ<br>ٹوکری<br>کتاب صفحہ نمبر<br>2 اور 5 | |
| | **اختتامیہ:**<br>طلباء سے مختلف حروف کی آوازیں، نقطوں کی تعداد اور اُن سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | 'ا سے لے کرے' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ۔ حروف 'ا سے لے کرے' تک کا اعادہ کرسکیں اور اُنھیں درست طریقے سے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی حروف تہجی کی پڑھائی اُن کی صوتی آواز اور اُن سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ آج میں آپ کو 'ا سے لے کرے' کو مختلف تصاویر دکھاؤں گی جیسے کہ انار، بلی، پنکھا وغیرہ۔ آپ ان کے نام بتائیں گے اور یہ بتائیں گے کہ یہ کس حرف سے شروع ہوتے ہیں۔ بچوں کو کہیے کہ حرف تختہ سفید / سیاہ یا اپنے mini white board پر لکھ کر دکھائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی جن میں ایک میں حروف کے فلیش کارڈ ہوں گے اور ایک میں اشیاء کے فلیش کارڈ۔ بچوں کو مختلف سرگرمیاں دی جائیں گی۔ جیسا کہ کچھ بچوں کو کہا جائے گا کہ 'ا سے لے کرے' تک ترتیب سے فلیش کارڈ میز پر رکھیں۔ کچھ کو کہا جائے گا کہ وہ اپنی مرضی کا حرف نکالیں اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء اُس کے ساتھ رکھیں۔ اور کچھ معلّمہ خود حرف بتائیں گی اور وہ اُس سے شروع ہونے والی اشیاء ٹوکری میں سے ڈھونڈیں گے بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 4 کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>اشیاء کے فلیش کارڈ دکھا کر اُن سے شروع ہونے والے حروف پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 6 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حروف فلیش کارڈ اشیاء فلیش کارڈ ٹوکریاں کتاب صفحہ نمبر 4<br>کتاب صفحہ نمبر 6 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا سے لے کرے' تک حروف کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی پر۔ |